© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

## دارالعلوم کے ششماہی امتحانات:

گزشتہ ہفتے دارالعلوم کے ششماہی امتحانات منعقد ہوئے۔ طلباء نے انتہائی نظم وضبط کا مظاہرہ کیا اور امتحان کے لئے بھرپور تیاری کی۔ یہ امتحانات نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ کی خصوصی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئے۔ تمام اساتذہ اور عملہ نے اس میں مکمل تعاون کیا' امتحانات کے بعد چار دن کی تعطیلات ہوئیں۔ اب دوبارہ اسباق زور وشور سے جاری ہیں۔

## متحدہ مجلس کے سربراہ مولانا شاہ احمد نورانی کی دارالعلوم تشریف آوری:

متحدہ مجلس عمل کے سربراہ سینٹر حضرت مولانا شاہ احمد نورانی مدظلہ گزشتہ دنوں مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ آپ کے ہمراہ حافظ حسین احمد ممبر قومی اسمبلی بھی تھے۔ انہوں نے موجودہ ملکی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ بعد ازاں حضرت مولانا شاہ احمد نورانی صاحب مدظلہ نے ایوانِ شریعت میں طلباء سے تفصیلی خطاب کیا اور علم اور اس کی فضیلت وملکی حالات پر ان کو آگاہ کیا۔

## مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ کی وفاق المدارس اور شوریٰ کے اجلاس میں شرکت:

حضرت مولانا انوارالحق نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ و ناظم وفاق المدارس العربیہ پاکستان ۲۱ ربیع الثانی ۲۲ جون کو وفاق عاملہ کے اور ۲۲ ربیع الثانی ۲۳ جون کو شوریٰ کے اجلاس میں شرکت کے لئے ملتان تشریف لے گئے۔ ان دوطویل اجلاسوں میں' امتحانی امور' سالانہ بجٹ ونصاب جیسے اہم مسائل پر تفصیلی بحث وفیصلے ہوئے۔

## بین الاقوامی میڈیا کی دارالعلوم آمد:

موجودہ ملکی اور عالمی حالات کے تناظر میں مختلف چینلوں اور بین الاقوامی الیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے غیر ملکی نمائندے دارالعلوم تشریف لائے' انہوں نے دارالعلوم کا معائنہ کیا اور یہاں پر درس وتدریس اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا اس کے ساتھ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے شریعت بل اور دیگر مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔

© rasailojaraid.com